معاشیات	وقت: ۳ گھنٹہ	۲۰۱۸ء	نشانات: ۱۰۰

نوٹ: کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ حصہ "الف" سے دو سوالات، حصہ "ب" سے دو سوالات اور حصہ "ج" سے ایک سوال حل کریں۔ سوالات کے نشانات ان کے سامنے درج ہیں۔ کل نشانات ۱۰۰ ہیں۔

حصہ "الف"

۱: آزاد معیشت میں معیشت کے بنیادی مسائل پر تبصرہ کیجئے۔ (۲۰)

۲: (الف) طلب کی لچک بوجہ قیمت کی تعریف کیجئے اور طلب کی لچک کے مختلف درجات بیان کیجئے۔ (۱۰)

(ب) اسمارٹ فون کی طلب کی لچک بوجہ قیمت نقطی لچک اور قوسی لچک کے فارمولا سے معلوم کیجئے جبکہ قیمت 12,000 روپے سے کم ہو کر 10,000 روپے ہو جائے اور مقدار طلب 45,000 یونٹوں سے بڑھ کر 75,000 یونٹ ہو جائیں۔ (۱۰)

۳: (الف) مکمل مقابلے کی منڈی کی خصوصیات بیان کیجئے۔ (۱۰)

(ب) عرصہ قلیل میں مکمل مقابلے میں فرم کا توازن اشکال کی مدد سے واضح کیجئے۔ (۱۰)

۴: مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ لکھئے: (i) خطوط عدم ترجیح کی خصوصیات: (۲۰)

(ii) قوانین حاصل: (iii) خطوط مساوی پیداوار: (iv) علم الحقیقت اور علم الھدایت میں فرق:

حصہ "ب"

۵: کینز کے نزدیک قومی آمدنی کی متوازن سطح کا تعین اس مقام پر ہوتا ہے جہاں مجموعی طلب، مجموعی رسد کے برابر ہو یا بچت، سرمایہ کاری کے برابر ہو۔ تبصرہ کیجئے۔ (۲۰)

۶: (الف) تفاعل صرف کی تعریف کیجئے۔ صرف کا تعین کرنے والے عوامل پر بحث کیجئے۔ (۱۰)

(ب) سرمایہ کاری اور شرح سود کے درمیان تعلق بیان کیجئے۔ (۱۰)

۷: (الف) زر کی تعریف کیجئے۔ زر کے وظائف بیان کیجئے (ب) زری پالیسی اور مالیاتی پالیسی کا فرق واضح کیجئے (۱۰+۱۰)

۸: مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ لکھئے۔ (۲۰)

(i) سرمائے کی مختتم استعداد: (ii) اصول ضارب:

(iii) افراط زر بوجہ طلب اور افراط زر بوجہ لاگت کا فرق: (iv) LM خطوط:

www.ilmkidunya.com